# سانگو
# کے ساتھ آن لائن



# سانگو

# کے ساتھ آن لائن



www.itu.int/cop

اس کتاب کا مقصد بچوں کو ان کے انٹرنیٹ / آن لائن تحفظ سے متعلق آگہی فراہم کرنا ہے تا کہ انکو آن لائن خطرات سے بچایا جا سکے۔ یہ کتابچہ ایسے چھ منظر ناموں پر مشتمل ہے جن کا بچوں کو ڈیجیٹل دنیا میں اکثر و بیشتر سامنا رہتا ہے:

1۔ آن لائن گیم کھیلنا

2۔ اسکرین ٹائم (حد سے زیادہ اسکرین کا استعمال)

3۔ نامناسب مواد

4۔ معلومات کے حصول کے لئے ڈیجیٹل میڈیا کا استعمال

5۔ پرائیویسی (اپنی ذاتی آن لائن معلومات کو محفوظ بنانا)

6۔ ڈیجیٹل میڈیا کے مثبت استعمال کے سلسلے میں بڑوں کا مثالی کردار

ہر منظر نامہ آپ کے بچے کے لئے ایک سوال اور اس کے دو ممکنہ جوابات مہیا کرتا ہے۔ یہ منظر نامہ والدین کو اپنے بچے کے ساتھ بیٹھ کر کتاب پڑھنے اور ان سے " آن لائن " موضوعات پر رہنمائی کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ والدین رہنمائی کے لئے منظر نامے کے درست جوابات اس کتابچے میں تلاش کر سکتے ہیں۔

اسی طرح والدین کو اپنے بچے کے ساتھ بیٹھ کر کتاب پڑھنے سے بچے کے ساتھ کھل کر بات چیت کرنے کا موقع ملتا ہے۔ جس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کون کون سے آن لائن خطرات لاحق ہیں؟ مثلاً وہ کس قسم کا مواد دیکھتا ہے، کیسے لوگوں سے آن لائن رابطہ رکھتا ہے، اور ایسی صورت میں آپ اسکی مناسب رہنمائی کر سکتے ہیں کہ وہ ان آن لائن خطرات سے کیسے نبرد آزما ہو سکتا ہے؟ آپ کا اپنے بچے کے ساتھ گھل مل کر رہنے سے آپ کے بچے کو آپ پر اعتماد کرنے کی ترغیب ملتی ہے کہ وہ نامناسب آن لائن سرگرمیوں کے بارے میں آپ سے بلا خوف و خطر کسی بھی وقت بات کر سکتا ہے۔ والدین کو بچوں کی مناسب رہنمائی اور حوصلہ افزائی کرنی چاہیے تا کہ وہ آن لائن درپیش مسائل کے حوالے سے اپنے بڑوں کو فوراً آگاہ کر سکیں اور رہنمائی لے سکے۔

یہ کتاب 9 سال سے کم عمر بچوں کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔ بچوں کے آن لائن تحفظ اور حقوق سے متعلقہ مواد آئی ٹی یو (ITU) کی ویب سائٹ پر آن لائن بھی موجود ہے۔

اس حوالے سے مزید جاننے کے لئے: /www.itu.int ملاحظہ فرمائیں۔

ہیلو میں سانگو ہوں،

میں ایک ننجا فون ہوں ! میں اپنے گھر والوں کے ساتھ جاپان میں
رہتا ہوں۔ میرا فرض ہے کہ میں بچوں کے تحفظ میں معاونت فراہم کروں
تاکہ وہ آن لائن محفوظ رہ سکیں۔ میں بھی آپ کی مدد کرنا چاہتا ہوں!
اگر آپ دھیان سے پڑھیں کہ سانگو اس کتاب میں کیا کہتا ہے؟
تو میں بھی صحیح جوابات کی تلاش میں آپ کی مدد کروں گا۔



# علی
## سے ملئے





علی اپنے کمپیوٹر پر کھیل رہا ہے۔ لیکن
اس کی چھوٹی بہن بھی کھیلنا چاہتی ہے۔

# علی کو کیا کرنا چاہیے؟

**الف:**

اپنی چھوٹی بہن سے
کہہ دے کہ کوئی ضرورت نہیں
ہے کھیلنے کی

**ب:**

اپنی بہن کو بھی اپنے ساتھ
کھیل میں شامل کرے کہ کھیلنا
سب کا حق ہے۔




سانگو کہتا ہے۔۔۔
سب بچوں کو کھیلنا چاہیے
اور اس کا لطف لینا چاہیے
آپ کو اپنی چھوٹی بہن یا بھائی کو
کب آن لائن گیم کھیلانی چاہیے؟

# آمنہ سے ملئے



آمنہ شام میں سارا وقت کارٹون دیکھتی رہی ہے۔
اب اس کی آنکھیں نیند سے بوجھل ہیں۔



# آمنہ کو کیا کرنا چاہیے؟

الف:

بازار جائے اور نئی آنکھیں
خرید لائے

ب:

کارٹون بند کرے اور اپنے
بھائی کے ساتھ کھیلے۔



## سانگو کہتا ہے۔۔۔

بہت سے دلچسپ کھیل
ایسے بھی ہیں جو ٹی وی، فون اور کمپیوٹر
کے بغیر بھی کھیلے جا سکتے ہیں



دوسروں کے ساتھ کھیلنے کے لئے
آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟

# احمد سے ملئے



احمد یوٹیوب کڈز دیکھ رہا ہے لیکن دیکھتے دیکھتے ایک دم سے سکرین پر
کچھ ایسا مواد آتا ہے جس سے وہ بے چینی اور عجیب سی غیر محفوظ کیفیت
میں مبتلا ہونے لگتا ہے۔



# احمد کو کیا کرنا چاہیے؟

**الف:**

اپنے ٹیبلیٹ کو بند کر دے اور قابل اعتماد گھر کے کسی بڑے فرد کو اس کے بارے میں بتائے۔

**ب:**

ٹیبلٹ کو کچرہ دان میں پھینک دے۔



# سانگو کہتا ہے۔۔۔




قابل اعتماد گھر کے کسی بڑے
فرد سے مدد لیں

# عائشہ سے ملئے



عائشہ کو ڈائنوسار بہت پسند ہے اور وہ اس
کے بارے میں بہت کچھ سیکھنا چاہتی ہے۔



# عائشہ کو کیا کرنا چاہیے؟

الف:

بات کرنے کے لئے
ایک اصلی ڈائنوسار خریدے۔



ب:

ڈائنوسار سے متعلق اپنے کمپیوٹر
پر معلومات کی تلاش کے لئے کسی قابل اعتماد
گھر کے کسی بڑے فرد کی مدد حاصل کرے۔

# سانگو کہتا ہے ۔۔۔





بچوں کے حوالے سے آپ کی
پسندیدہ ویب سائٹ کون سی ہے؟

# مریم
# سے ملئے



مریم گیم کھیل رہی ہے۔ دوسری جانب کھیلنے والا شخص اس کو اپنی سیلفی بھیجنے کو کہہ رہا ہے۔



# مریم کو کیا کرنا چاہیے؟

الف:

کیا اپنی تصویر کی بجائے اپنے پالتو کتے کی تصویر بھیج دے؟



ب:

قابل اعتماد گھر کے کسی بڑے فرد کی مدد لے۔

# سانگو کہتا ہے۔۔۔




آپ کسی قابل اعتماد گھر کے کسی بڑے فرد سے
پوچھ سکتے ہیں کہ سیلفیز بھیجنا کب مناسب ہے؟

# ریحان

## سے ملیے



ریحان ایک ٹاور بنانے میں مصروف ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کے والد اس کی مدد کریں، لیکن اس کے والد اپنے فون پر مصروف ہیں۔



# ریحان کو کیا کرنا چاہیے؟

الف:


اپنے والد سے پوچھے کہ کیا وہ ٹاور کی تعمیر میں اُس کی مدد کریں گے؟

ب:

پریشان ہو جائے اور ہر جگہ بلاکس پھینکے



## سانگو کا کہنا ہے۔۔۔۔





## پہلا منظر: آن لائن کھیلنے کا حق

صحیح جواب ہے: ب

تمام بچوں کو کھیلنے کا حق ہے۔ اس میں عمر کی مناسبت سے گیمز کھیلنا، ویڈیوز دیکھنا، اور دوستوں اور احباب کے ساتھ آن لائن رابطے قائم کرنا شامل ہے۔

## دوسرا منظر: اسکرین ٹائم کی مینجمنٹ

صحیح جواب ہے: ب

بچے کی صحت اور تندرستی کے لیے لازم ہے ان کا اسکرین ٹائم آف لائن سرگرمیوں کے متوازن ہو۔ تفریحی آف لائن سرگرمیوں میں اندر یا باہر تصوراتی کھیل، کتابیں پڑھنا، آرٹ بنانا اور دیگر کھیل کھیلنا شامل ہو سکتے ہیں۔

## تیسرا منظر: نامناسب مواد کا استعمال

صحیح جواب ہے: الف

بعض اوقات بچوں کو اچانک آن لائن کسی رویے کا سامنا درپیش ہو سکتا ہے جو ان کے لئے خطرناک، پریشان کن یا جارحانہ رویے پر بھی مبنی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا بچوں کو چاہیے کہ وہ جان لیں کہ ایسی صورتحال میں ہمیشہ اپنے کسی بڑے سے بات کریں اور انہیں بتائیں کہ انہوں نے کیا دیکھا اور وہ اب کیا محسوس کر رہے ہیں نیز جب ایسا کچھ ہو تو انہیں کیا کرنا چاہیے۔

## منظر نامہ 4: سیکھنے کے لیے ڈیجیٹل میڈیا استعمال کرنے کا حق

صحیح جواب ہے: ب

تمام بچوں کو معلومات تک رسائی، سیکھنے اور نئی سکلز سیکھنے کا حق ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا اس حوالے سے رہنمائی کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر بہت سی ایسی تعلیمی ویب سائٹس بھی ہیں جو صرف بچوں کے لیے تیار کردہ ہیں۔

## منظر نامہ 5: راز داری یعنی پرائیویسی

صحیح جواب ہے: ب

بچوں کو راز داری کا حق حاصل ہے۔ ذاتی معلومات، بشمول تصاویر، نجی رکھنا بچوں کو آن لائن محفوظ رکھنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ بہت سی ویب سائٹس اور ایپس میں راز داری کی ترتیبات یعنی پرائیویسی سیٹنگز ہوتی ہیں جسے آپ اپنے بچے کی معلومات کو پرائیویٹ رکھنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

## منظر نامہ 6: ڈیجیٹل میڈیا کے مثبت استعمال میں بڑوں کا مثالی کردار

صحیح جواب ہے: الف

بچے مثال سے سیکھتے ہیں، اس لیے آئی ٹی یو والدین اور بڑوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ ڈیجیٹل میڈیا کے استعمال کے دوران ایک اچھی مثال قائم کریں۔ مزید معلومات کے لئے آئی ٹی یو کی ویب سائٹ (www.itu.int/cop) پر والدین، دیکھ بھال پر مامور افراد اور اساتذہ کے لیے رہنماء ہدایات موجود ہیں۔

اس کتابچے کی تیاری میں انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین (آئی ٹی یو)، بچوں کے حقوق اور ڈیجیٹل ماحول میں بچوں کے تحفظ کے شعبوں میں کام کرنے والے اداروں کے مصنفین کے ایک ورکنگ گروپ نے حصہ لیا۔

یہ کتابچہ تعاون کرنے والے مصنفین اور آئی ٹی یو کی گرافک ڈیزائن ٹیم کی محنت، لگن اور جذبے کے بغیر ممکن نہیں تھی۔

آئی ٹی یو ان تمام شراکت داروں کا بے حد مشکور ہے، جنہوں نے اپنا قیمتی وقت دیتے ہوئے بچوں کی رہنمائی کے لئے اس انمول کتابچے کی تیاری میں معاونت کی: ایمی جونز اور اولیویا سولاری یریگوئن (چائلڈ رائٹس کنیکٹ)، جان کار (ای سی پی اے ٹی انٹرنیشنل) کے ساتھ ساتھ للّی موڈی اور امینڈا تھرڈ (ویسٹرن سڈنی یونیورسٹی)۔ان بچوں کا بطور خاص شکریہ، جن کے انمول تاثرات نے اس کہانی کی کتاب کو ایک منفرد شکل دی۔

child rights connect

ecpat

ITU

WESTERN SYDNEY UNIVERSITY

© ITU 2020

International Telecommunication Union
Place des Nations, CH-1211 Geneva, Switzerland

جملہ حقوق محفوظ ہیں: بین الاقوامی ٹیلی کمیونیکیشن یونین کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں دوبارہ پیش نہیں کیا جا سکتا۔

اس کتابچے کا ترجمہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی چائلڈ آن لائن پروٹیکشن کمیٹی کی معاونت سے کیا گیا ہے۔
ترجمہ پی ٹی اے کی ویب سائٹ www.pta.gov.pk پر دستیاب ہے۔

www.itu.int/cop

ISBN 978-92-61-30431-7

